شدید زچگی مریضانہ حالت کیا ہے؟

ہر سال نیو یارک سٹی (New York City, NYC) میں تقریباً 3,000 خواتین وضع حمل کی سنگین پیچیدگیوں کی وجہ سے وفات پا جاتی ہیں یا لگ بھگ فوت ہو جاتی ہیں۔ ان پیچیدگیوں کو شدید زچگی مریضانہ حالت (severe maternal morbidity, SMM) کے نام سے جانا جاتا ہے اور ان میں شدید جریان خون، خون کے چکتے، سنگین انفیکشن اور گردے کی ناکامی شامل ہیں۔ سفید فام خواتین کی بہ نسبت سیاہ فام خواتین کو SMM کا سامنا ہونے کا تین گنا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ سٹی ہذا SMM میں اس نسلی خلاء کو ختم کرنے اور وضع حمل کی پیچیدگیوں اور اموات کی مجموعی تعداد کو کم کرنے کی پابند عہد ہے۔

"بچے کی ولادت تمام اہل خانہ کے لیے ایک مسرت بخش لمحہ ہونا چاہیے اور یہ امر ناقابل قبول ہے کہ /[ہمارے یہاں] اتنی تعداد میں سیاہ فام مائیں موجود ہیں جو وضع حمل کے دوران پیچیدگیاں پیدا ہونے کی وجہ سے وفات پا رہی ہیں۔"

ڈاکٹر ہرمینیا پلاسیو (DR. HERMINIA PALACIO)
ڈپٹی میئر برائے صحت و انسانی خدمات

شدید زچگی مریضانہ حالت کو کم کرنے میں مدد کے لیے نیو یارک سٹی محکمہ صحت کیا کر رہا ہے

میٹرنیٹی ہاسپٹل کوالٹی امپرومنٹ نیٹ ورک

محکمہ صحت کلینیشن کی تربیت اور نگہداشت کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے SMM کے معاملے میں خواتین کے تجربات کے بارے میں معلومات اکٹھا کرنے کے لیے پوری سٹی کے ہسپتالوں کے ساتھ کام کر رہا ہے۔ یہ پیش قدمی جس کو میٹرنٹی ہاسپٹل کوالٹی امپرومنٹ نیٹ ورک (Maternity Hospital Quality Improvement Network) کہا جاتا ہے، فراہم کنندگان کو بھی تربیت دیتی ہے کہ NYC کی تمام خواتین کو، خاص طور پر سیاہ رنگت والی خواتین کو با اخلاق نگہداشت مہیا کی جائے۔ با اخلاق نگہداشت کا مطلب یہ ہے کہ فراہم کنندگان ولادت سے پہلے، اس کے دوران اور اس کے بعد مریضوں کے حقوق اور بہترین طرز عمل کے بارے میں اپنے مریضوں کے ساتھ معلومات کا اشتراک کرتے ہیں۔ با اخلاق نگہداشت کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **sexual and reproductive justice (SRJ) (جنسی اور تولیدی انصاف) تلاش کریں۔**

میٹرنل کیئر کنکشن

محکمہ صحت نے سنٹرل بروکلین (Central Brooklyn) میں وضع حمل کے مد نظر نگہداشت اور ابتدائی نگہداشت کو بہتر بنانے کے لیے میٹرنل کیئر کنکشن (Maternal Care Connection) پروگرام کی شروعات کی۔ اس پروگرام کا مقصد با اخلاق نگہداشت کے بارے میں کمیونٹی کو تعلیم دینا بھی ہے۔

SMM کو کم کرنے کے لیے آپ کیا کر سکتے ہیں

- اپنے مقامی ہسپتالوں کو میٹرنیٹی ہاسپٹل کوالٹی امپرومنٹ نیٹ ورک میں شرکت کرنے کی ترغیب دیں۔
- برتھ جسٹس ڈیفینڈرز (Birth Justice Defenders) کے بارے میں جانیں — یہ ولادت کے وقت بااخلاق نگہداشت کو فروغ دینے والے مقامی باشندے ہوتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، **BirthJustice@health.nyc.gov** پر ای میل کریں۔
- اپنے مقامی قانون سازوں کو ماں اور اہل خانہ کی صحت کا تعاون کرنے کی ترغیب دیں۔
- اگر آپ حاملہ ہوں تو حمل اور وضع حمل کے دوران عمومی مسائل کے بارے میں اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔ **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **SRJ** تلاش کریں اور (NYC Standards for Respectful Care at Birth) "ولادت کے وقت با اخلاق نگہداشت کے لیے NYC کے معیارات" تلاش کریں۔ اس بروشر سے آپ کو ولادت سے قبل، اس کے دوران اور اس کے بعد جو نگہداشت موصول ہونی چاہیے اس بارے میں آپ کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔
- حمل کے دوران مفت یا کم قیمت پر صحت بیمہ میں اندراج کروائیں: **311** پر کال کریں یا **nyc.gov/health** ملاحظہ **کریں اور** **(health insurance)** صحت بیمہ تلاش کریں۔

صحتمند حمل کا تعاون کرنے کے لیے خدمات اور وسائل

یہ خدمات اور وسائل ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر، اہل قرار پانے والے افراد کے لیے مفت ہیں:

- نرس - فیملی پارٹنرشپ (Nurse-Family Partnership)
- نیو بورن ہوم وزٹنگ پروگرام (Newborn Home Visiting Program)
- ہیلدی اسٹارٹ بروکلین (Healthy Start Brooklyn)
- محکمہ صحت کے نیبرہوڈ ہیلتھ ایکشن سنٹرز (Neighborhood Health Action Centers) پر کنبہ جاتی بہبود کی کلاسیں

مزید معلومات کے لیے **311** پر کال کریں یا **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **pregnancy resources (حمل سے متعلق وسائل)** تلاش کریں۔